# Pakistan Tehreek-e-Insaf

Central Media Department

پاکستان تحریکِ انصاف نے عوام کا مسترد شدہ مینڈیٹ چوروں کو جمع کر کے ملک میں پی ڈی ایم-ٹو کا تماشہ رچانے کی کوششوں کو یکسر مسترد کر دیا

عوامی مینڈیٹ پر ڈاکہ ڈال کر قوم کو مجرموں کا غلام بنانے کا نتیجہ بد ترین سیاسی عدم استحکام کی صورت میں نکلے گا، تپاکستان تحریکِ انصاف کو عوام نے اپنے ووٹ کے ذریعے مرکز، پنجاب اور خیبر پختونخواہ میں حکومت سازی کا مینڈیٹ سونپا ہے،

عمران خان کی ناحق قید، انتخابی نشان چھین لیے جانے اور انتخابی مہم چلانے کی اجازت نہ دیے جانے کے باوجود عوام نے تحریکِ انصاف کو 180 نشستوں کی واضح اکثریت سونپی ہے،

عوامی مینڈیٹ پر کھلے ڈاکے سے پاکستان کو سقوطِ ڈھاکہ جیسے سانحے سے گزرنا پڑا،

پاکستان کو دولخت کیے جانے والوں کے وارث آج پھر عوامی مینڈیٹ کو روندنے کی ریاستی کوشش میں سہولتکار ہیں،

"ووٹ کو عزت دو" والے نسلی چور ووٹ کی عزت کا جنازہ کندھوں پر اٹھائے 17 سیٹوں کے ساتھ عوامی مینڈیٹ کو مالِ غنیمت سمجھ کر لوٹنے کی مہم کے بڑے بینیفیشری بننے کے خواب دیکھ رہے ہیں،

رجیم چینج سازش کے مکروہ کرداروں کو تاریخ کے بد دیانت ترین چیف الیکشن کمشنر کی تائید حاصل ہے،

عوام دستور و جمہوریت کے ساتھ ننگے کھلواڑ اور اپنے ووٹ پر ڈالے جانے والے کھلے ڈاکے کو ہرگز گوارا نہیں کریں گے

تحریکِ انصاف عوامی مینڈیٹ کی چوری کے خلاف ہر سطح پر بھرپور مزاحمت کرے گی،

ریاستی فیصلہ ساز ہوش کے ناخن لیں اور مرکز و پنجاب میں عوامی مینڈیٹ کو بلڈوز کرنے کی بجائے فارم 45 مطابق نتائج جاری کریں اور عوام کی منتخب اکثریتی جماعت کو حکومت سازی کا حق دیں،

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ